15/12/2025

09.20 AM

PM

وزیر اعظم نریندر مودی آج تین ملکوں اُردن ، اتھوپیا اور عُمان کے چار روزہ دور ے پر روانہ ہو رہے ہیں۔اپنے دورے کے پہلے مرحلے میں وزیر اعظم اُردن کا دورہ کریں گے جہاں وہ شاہ ِاُردن عبداللہ ابن الحسین کے ساتھ دونوں ملکوں کے درمیان تعلقات کا جائزہ لیں گے ۔دونوں رہنما باہمی اہمیت کے علاقائی او ر عالمی معاملات پر بھی گفت شنید کریں گے۔

دورے کے دوسرے مرحلے میںوزیر اعظم کل اتھوپیا جائیں گے جہاں وہ دونوں ملکوں کے درمیان تعلقات کاجائزہ لینے کے علاوہ دیگراہم امور پر گفت شنید کریں گے۔

دورے کے آخری مرحلے میں وزیر اعظم عُمان جائیں گے ۔

LG

لیفٹنٹ گورنرمنوج سنہا نے اختراع ، روزگار کے مواقعے اور صنعت کاری پر توجہ دینے جانے کی ضرورت اجا گر کرتے ہوئے کہا ہے کہ تعلیمی اقدامات مقامی اور علاقائی ترقیاتی ضررویات کے مطابق ہونے چاہیے۔

لوک بھون سرینگر میںکشمیر یونیورسٹی کی 84ویں یونیورسٹی کونسل میٹنگ کی صدارت کرتے ہوئے انہوں نے قومی تعلیمی پالیسی 2020 کے مطابق جدید، بین الشعبہ جاتی اور مہارت پر مبنی تعلیمی پروگرام متعارف کرنے کی ضرورت پر زور دیا ۔

میٹنگ کے دوران یونیورسٹی سے متعلق کئی اہم تعلیمی اور انتظامی ایجنڈا نکات کو اصولی طور منظوری دی گئی ۔

خراج

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے سردار ولبھ بھائی پٹیل کو ان کی برسی پر خرا ج عقیدت ادا کیا ہے ۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں ایل جی نے کہاکہ اتحاد ، سالمیت اور قوم کی تعمیر میں سردار ولبھ بھائی پٹیل کے نظریات مضبوط اور خود انحصار بھارت کی تعمیر میں لگاتار ہماری رہنمائی کر رہے ہیں۔

کنزر ویشن ڈے

دی انسٹی چیوشن آف انجینئرس انڈیا کے جموں کشمیر سٹیٹ سینٹر کی جانب سے کل سرینگر میں نیشنل انر جی کنزرویشن ڈے منایاگیا ۔اس سلسلے میں ایک سمینار کا انعقاد ہوا جس میں سرکردہ انجینئر، ماہرین تعلیم ، منتظمین ، طلباءاور پیشہ ورانہ افرا شامل ہوئے ۔اس دوران پائیداد ترقی کی رفتار کو جاری رکھتے ہوئے توانائی کی کھپت مینکمی لانے کیلئے عملی طور طریقے اپنانے پر تفصیلی تبادلہ خیال ہوا۔

تقریب پر سائنس اینڈ ٹیکنالوجی محکمے کے سیکریٹری ڈاکٹر شاہد اقبال چودھری مہمان خصوصی جبکہ JKPTCL کشمیر کی چیف انجینئر عاقب سلطانہ وحید دیوا مہمان ذی وقار کی حیثیت سے موجودتھیں۔

انسٹی ٹیوشین آف انجینئرس جموں کشمیر سٹیٹ سینٹر کے چیر مین انجینئرفردوس احمد بٹ نے سمینار کے اغراض و مقاصد کے بارے میناآکاشوانی نیوز سرینگر کو بتایا۔

ست شرما

بھارتیہ جنتا پارٹی جموں کشمیر کے ممبران اسمبلی کا ایک اہم اجلاس کل پارٹی صدر دفتر واقع تریکوٹہ نگر جمونمیں منعقد ہوا ۔ اجلاس میں لوگوں کی فلاح و بہبود پر مرکوز پالیسی کو جاری رکھنے کا اعادہ کیا گیا ۔ BJP جموں کشمیر کے صدر اور ممبر پارلیمنٹ ست شرما کی صدارت میں ہوئی اس میٹنگ کے دوران جاری پارٹی سرگرمیوں کا تفصیل سے جائزہ لیا گیا ۔ اجلاس میں پارٹی کے جنرل سیکریٹری آر گنائزیشن اشوک کول اور دیگر کئی لیڈروں نے بھی شرکت کی ۔

سرتاج مدنی

PDP کے نائب صدر محمد سرتاج مدنی نے کل کولگام کے کھڈونی علاقے کا دورہ کرکے حالیہ آتش زنی سے متاثر ہوئے افراد کے ساتھ اظہار ہمدردی کیا۔انہوں نے دورے کے دوران آگ سے ہوئے نقصان کاجائزہ لیتے ہوئے ضلع انتظامیہ کولگام سے مطالبہ کیا کہ آگ متاثرین کی فوری اور بھر پور باز آباد کاری کو یقینی بنایاجانا چاہئے ۔

زبیر سلیم

وادی کشمیر میں سردیوں کے دوران لوگوں کوکئی طرح کے طبی مسائل کا سامنا رہتا ہے۔لوگ سردیوں سے بچنے کیلئے گھروں کے اندر بجلی، گیس ، کوئلہ یالکڑی پر چلنے والی بخاریوں کا استعمال کرتے ہیں ، جس کے نتیجے میں کاربن Monoxide پیدا ہو جاتا ہے اس سے نمٹنے کیلئے مناسب وینٹی لیشن لازمی ہے۔

اس تعلق سے جب ہم نے معروف معالج اور بزرگوں کے طبی مسائل کے ماہر ڈاکٹر زبیر سلیم سے استفسار کیا تو انہوں نے کہا۔

گاندربل پولیس

گاندربل پولیس کے اہتمام سے شیخ العالم اسٹیڈیم کنگن میں منعقدہ شہید رمیض احمد بابا میموریل T-20 کرکٹ ٹورنا منٹ کل اختتام پذیر ہوا -SSP گاندربل خلیل احمد پوسوال اختتامی تقریب پر خاص مہمان کی حیثیت سے موجود تھے۔ اس موقعے پر انہوننے فائنل میچ کھیلنے والے دونوں ٹیموں کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہاکہ اس قسم کے ٹور نامنٹ نوجوانوں کو کھیل کود کی طرف راغب کرنے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔

پولیس ُتن

منشیات سمگلروں کے خلاف کارروائی کو جاری رکھتے ہوئے پولیس نے تریکول بل پٹن سے عاقب احمد ڈار نامی ایک ڈرگ سمگلر کو گرفتارکیا ہے ۔ا س کے قبضے سے چرس کی کچھ مقدار بر آمد کی گئی ہے۔پولیس نے معاملے کی نسبت ایک FIR درج کرکے مزید تحقیقات شروع کر دی ہے۔

اطلاع

عوامی مسائل پر مبنی ہفتہ وار پروگرام شہر شہر منظر کے لئے فون کالز کی ریکارڈنگ آج اور کل صبح ساڑھے دس بجے سے بارہ بجے تک فون نمبر 0194-2452019 پر ہو رہی ہے ۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت1اعشاریہ 9 ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت11اعشاریہ4 ڈگری سیلشیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر

اردو میں نشر ہو گا ۔

ہمیں دیجئے اجازت، خدا حافظ